# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو-I (8659) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایڈ چار سالہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1- غالب کی نثر بھی زندہ ہے اور اس کا اسلوب بھی، بحث کیجئے۔ (20)

سوال 2- علامہ اقبال کے قائداعظم کے نام لکھے گئے شامل نصاب مکتوب کی شرح کیجئے۔ (20)

سوال 3- آتش کی شاعری میں صوفیانہ پہلو خاصا نمایاں ہے۔ آپ اس قول سے کہاں تک متفق ہیں؟ (20)

سوال 4- ناصر کی شاعری ایک پختہ تہذیبی روایت میں پلے ہوئے مزاج کی عکاسی دکھائی دیتی ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ (20)

سوال 5- آتش کی شامل نصاب غزلوں میں سے اپنی کوئی سی پسندیدہ غزل کی تشریح اپنے الفاظ میں کیجئے۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1- ناول آنگن کے نسوانی کردار کس حد تک ناول نگاری کے فنی تقاضوں کو پورا کرتے دکھائی دیتے ہیں؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 2- اشفاق احمد کا شامل نصاب افسانہ مختصر افسانے کے لوازم کی کس قدر نمائندگی کرتا ہے؟ جواب دیجیے۔ (20)

سوال 3- انتظار حسین کی افسانہ نگاری پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال 4- شامل نصاب انشائیوں میں سے اپنی پسند کے کسی انشائیہ کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال 5- درج ذیل پر نوٹ لکھیے۔ (10+10=20)

1- آنگن کا اسلوب　　2- آنگن کی منظر نگاری